پریس ریلیز

گوجرانوالہ 17 اکتوبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا ہے کہ اسلامی مملکت میں اسلامک بینکاری نظام کا رائج ہونا وقت کی اشد ضرورت ہے۔ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور ہمیں اپنے بینکاری نظام اور معیشت کو مکمل طور پر اسلامی طریقے پر ترتیب دینا ہوگا تا کہ اسلامک اکنامک سسٹم کی حقانیت کو پوری دنیا کے سامنے ایک مثال کے طور پر پیش کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حبیب میٹرو صراط کے تعاون سے منعقدہ اسلامک بینکاری سیمینار سے خطاب کے دوران کیا۔ اس موقع پر اراکین مجلس عاملہ سابق صدر شیخ محمد نسیم، سابق نائب صدر ملک امین ناز، سلیم اللہ شیخ ہیڈ آف اسلامک بینکنگ حبیب میٹرو صراط، مفتی خواجہ نور الحسن صدر شرعی بورڈ ممبر بینک کے علاوہ بزنس کمیونٹی اور مختلف بینکوں کے نمائندوں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

اس موقع پر مفتی خواجہ نور الحسن نے کہا کہ بلاشبہ اسلامک بینکاری کمرشل بینکاری سے یقیناً مختلف ہے۔ جس کا مقصد سودی نظام کی خرابیوں سے عوام کو بچانا ہے۔ انہوں نے اراکین کو بتایا کہ مرکزی بنک اس حوالے سے مکمل طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے اور جید علماء کا شرعی ایڈوائزری بورڈ قائم ہے جو تمام اسلامی بینکوں میں قرآن وسنت کی روشنی میں اسلامک بینکنگ سسٹم کو ترتیب دیکر مکمل طور پر شریعت کے احکامات کے مطابق بینکوں کا نظام چلا رہے۔ اس کے لئے وسیع پیمانے پر سیمینارز اور ورکشاپس کا اہتمام بھی کیا جا رہا ہے تا کہ لوگوں کو اس کی افادیت کے بارے میں معلومات میسر آ سکیں۔ آج کا یہ معلوماتی سمینار منعقد کرنے کا مقصد بھی یہی تھا کہ زیادہ سے زیادہ آ گاہی فراہم کر کے اسلامک بینکاری کیطرف عوام کو راغب کیا جائے۔